کهو مؤمنو صبح مسا

کهو مؤمنو صبح مسا حسین یا حسین یا حسین
کرو ماتم یوں هي صدا حسین یا حسین یا حسین

هم آئے هیں اِس عَالم میں رهنے کو تیرے هي غم میں
هوئے اِس لیئے هم پیدا حسین یا حسین یا حسین

سمجها نه نبي کا نواسا رکها تجهے بهوکها پیاسا
کچه آئي نه اُنکو حیا حسین یا حسین یا حسین

سر راهِ حق میں جهُکا کر دُلهن سے هاته چهُوڑا کر
مقتل کو چلا دُولها حسین یا حسین یا حسین

قبضِ میں گر آئي ترائي مارا گیا شه کا بهائي
هے شور لبِ دریا حسین یا حسین یا حسین

عبد سیدنا المنعام طعش معزملاً نذر علي پارسولا (گلیاکوٹ والا) الفحیحیل الکویت ٠٠٩٦٥٩٧٢١٤٥١٤ galiakoti@yahoo.com التماس الدعاء

سینے سے برچھي نِکالے — یا دل کو باپ سمبھالے
مرتا ھے جوان بیٹا — حسین یا حسین یا حسین

تیرے مُنھ سے جو رال بھي ٹپکے — اُسے چوسے نبي خوش ھو کے
وہ دھن ھے خشك تیرا — حسین یا حسین یا حسین

خیمے سے تڑپکے نِکل کر — زینب نے یہ دیکھا منظر
ھے دشمنو میں تنھا — حسین یا حسین یا حسین

پھر شمر لعیں نے آکر — پہلو میں لگائي ٹھوکر
سینے پہ تیرے بیٹھا — حسین یا حسین یا حسین

دم آخر پاني جو مانگا — قطرہ بھي نہ تجھکو پلایا
تجھے قتل کِیا پیاسا — حسین یا حسین یا حسین

تھي کتني شقي کو شقاوت — کِیا ظُلم یہ بعد شھادۃ
لاشے کو تیرے روندا — حسین یا حسین یا حسین

روتے هے نبي سب آكر روتے هے حسن اور حيدر
هے گِريان كونا زهراء حسين يا حسين يا حسين

كهتي تهي سكينه آؤ بابا مجهے آكے بچاؤ
نهيں كوئي يهان اپنا حسين يا حسين يا حسين

ايك خيمهءِ نور بنايا اُس ميں هم سب كو سمايا
هے كِتنا كرم شه كا حسين يا حسين يا حسين

جب تك هے غمِ شه باقي هو طول بقاءِ مولىٰ كي
كرتے هيں جو غم تيرا حسين يا حسين يا حسين

كر عرض خدا سے عزادار بُرهان هدىٰ كا هو ديدار
هو وقت نَزَع ميرا حسين يا حسين يا حسين

*****